اقبال کے متعلق **استفسارات** اور ان کے جوابات

سوال ۔ مولانا فراہی کی زبان سے کبھی آپ نے اقبال کا ذکر سنا ؟ ۔
جواب۔ نہیں ۔
سوال ۔ علامہ اقبال کے بارے میں مولانا فراہی کے خیالات کیا تھے ؟ ۔
جواب ۔ جب مولانا کی زبان سے کبھی ڈاکٹر صاحب مرحوم کا ذکر ہی نہیں سنا تو ان کے متعلق خیالات کا کیا سوال ؟
سوال۔ اقبال کی شاعری اور کلام کے بارے میں فراہی کے کیسے خیالات کیا تھے ؟ ۔
جواب ۔ میرے علم میں اس سے متعلق کوئی بات بھی نہیں ہے ۔
سوال۔ اقبال کی فارسی کے بارے میں فراہی کے خیالات کیا تھے ؟ ۔
جواب ۔ میرے علم میں کوئی بات نہیں ہے ۔
سوال۔ اقبال کی اردو کے بارے میں فراہی کے خیالات کیا تھے ؟۔
جواب۔ مجھے علم نہیں ہے ۔

سوال ۔ اقبال اور فراہی کی ملاقات ثابت ہے یا نہیں ؟ ۔
جواب ۔ میرے نزدیک ملاقات ثابت نہیں ہے ۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے مولانا کو علی گڑھ میں دیکھا ہو ۔

سوال ۔ ملاقات ہوئی توکب اور کہاں ؟ ۔
جواب ۔

×

سوال۔ اقبال کے یہاں شبلی اور حالی وغیرہ کا ذکر ملتا ہے مگر فراہی کا ذکر نہیں ملتا ؟ ۔
جواب ۔ یہ بات ٹھیک ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ مولانا کی ساری چیزیں عربی میں ہیں اور ڈاکٹر صاحب عربی سے واقف نہیں تھے ۔
سوال ۔ فراہی کے یہاں اقبال کا ذکر میری نظر سے نہیں گزرا ۔ آپ کی نظر سے گذرا ؟ ۔
جواب ۔ نہیں ۔
سوال ۔ مولانا فراہی کی زبان سے کبھی آپ نے اقبال کا کوئی شعر سنا ؟ ۔
جواب ۔ نہیں ۔
سوال ۔ سنا توکون سا ؟ ۔
جواب ۔ مولانا پورا شعر کسی کا بھی نہیں پڑھتے تھے اور ڈاکٹر صاحب کے شعر تو شاید مولانا تک پہنچے بھی نہیں تھے ۔ اس زمانے تک ہمارے دیار میں ڈاکٹر صاحب کے صرف " شکوہ " اور " جواب شکوہ " متعارف ہوئے تھے اور یہ چیزیں مولانا کے معیار پر پوری اترنے والی نہیں تھیں ۔

ان سوالات کے جوابات اسی کاغذ پر بین السطور لکھ دیں ۔

حاشیہ
( نوٹ ) ۔ مولانا امین احسن اصلاحی نے 13/ جون 85ء کو میرے سوالات کے جوابات اپنے ہاتھ سے لکھ کر ارسال فرمایا ۔ اس پر انکے دستخط تاریخ نہیں ہے ۔ لفافے پر 13/ جون 85ء کی تاریخ ہے اچھرہ ڈاک خانے کی ۔

شرف الدین اصلاحی
یکم جون 1985ع